# ARIES برج حمل

21MAR-20APRIL

۲۱ مارچ تک ۲۰ اپریل

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

# تعارف

برجوں کے علم پر یوں تو اب تک بے شما کتب احاطہ تحریر میں آ چکی ہیں۔
لیکن ان کی ضخامت اور دقیق الفاظ کا استعمال آج کے تیز رفتار دور میں ایک شائق کے مانع ہے۔

قارئین کے اس علم سے متعلق شوق اور وقت کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر برج کے لیے جیبی سائز (Pocket Size) میں علیحدہ علیحدہ کتب تحریر کی گئی ہیں۔

"نایاب بک کولیکشن کلب" نے اپنے معیار کی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اس کتاب میں مختلف موضوعات کو آسان فہم انداز میں اس طرح واضح کیا ہے کہ اس کے مطالعہ کے بعد کسی اور کتاب سے رجوع کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہ جاتی۔

کتاب ھذا میں برج کے تحت پیدا ہونے والے بچوں کی تعلیم و تربیت سے لے کر ان کے دوسرے بروج سے تعلقات کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ دیگر یہ کہ پیدائش سے لے کر عملی زندگی تک مختلف عنوانات کے تحت زندگی کے ہر پہلو کو تفصیلاً تحریر کیا گیا ہے۔

باالفاظ دیگر کہا جا سکتا ہے کہ فی زمانہ برجوں سے متعلق دستیاب کتب میں یہ اپنا ثانی نہیں رکھتی۔

# فہرست

برجوں کے نام اور تاریخ پیدائش

سیاروں کے نام اور علامات

برجوں کے مزاج

برج اور ان کے سیارگان

برج اور ان کی اشکال

برجوں کے کلیدی الفاظ

سیاروں کے کلیدی الفاظ

برجوں کا جسم کے حصوں سے تعلق

آپ کا برج کون سا ہے؟

برجوں کے معاشرتی تعلقات کا سرسری جائزہ

# برجوں کے نام اور تاریخ پیدائش

| عربی نام | تاریخ پیدائش | انگریزی نام |
|---|---|---|
| حمل | ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل | Aries |
| ثور | ۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی | Taurus |
| جوزا | ۲۲ مئی تا ۲۲ جون | Gemini |
| سرطان | ۲۳ جون تا ۲۳ جولائی | Cancer |
| اسد | ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست | Leo |
| سنبلہ | ۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر | Virgo |
| میزان | ۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر | Libra |
| عقرب | ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر | Scorpio |
| قوس | ۲۳ نومبر تا ۲۰ دسمبر | Sagitarius |
| جدی | ۲۱ دسمبر تا ۱۹ جنوری | Capricom |
| دلو | ۲۰ جنوری تا ۱۸ فروری | Aquairius |
| حوت | ۱۹ فروری تا ۲۰ مارچ | Pisces |

# سیاروں کے نام اور علامات

| علامت | انگریزی نام | عربی نام |
| --- | --- | --- |
| | Mars | مریخ |
| | Venus | زہرہ |
| | Mercury | عطارد |
| | Moon | قمر |
| | Jupiter | مشتری |
| | Satum | زحل |
| | Sun | شمس |
| | Pluto | پلوٹو |
| | Uranus | یورنیس |
| | Neptune | نیپ چون |

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

## برج اور مزاج

دنیا کی ہر چیز چار عناصر یعنی آگ، ہوا، پانی اور مٹی سے بنی ہے۔ جبکہ برجوں کے مزاج بھی انہی عناصر سے متعلق ہوتے ہیں۔ یعنی

| | | |
|---|---|---|
| عنصر آگ | ...... | آتشی مزاج |
| عنصر ہوا | ...... | بادی مزاج |
| عنصر مٹی | ...... | خاکی مزاج |
| عنصر پانی | ...... | آبی مزاج |

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

## آتشی مزاج برج

آتشی مزاج برج کے حامل افراد طاقت وراور مہم جو ہوتے ہیں۔ یہ خود بھی قوت عمل سے بھرپور ہوتے ہیں اور لوگوں میں بھی قوت عمل کے جذبے کو ابھارنے میں کردار ادا کرتے ہیں۔ ان افراد میں تخلیقی صلاحیتیں خوب ہوتی ہیں۔ اور بے حد ذہین ہوتے ہیں۔ ان کا عمل اور تصور یکساں پختہ ہوتے ہیں۔

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## خاکی مزاج برج

خاکی مزاج برج کے تحت افراد مادہ پرست ہوتے ہیں۔ یہ ضبط نفس کے ساتھ ساتھ شہوانیت کی طرف بھی مائل ہوتے ہیں۔

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## بادی مزاج کے برج

اس مزاج والے برج کے حامل افراد معاشتے میں رابطے اور تعلق کو بے حد اہمیت دیتے ہیں۔ یہ لفظوں اور رنگوں سے کھیلنے کے عادی ہوتے ہیں۔ یہ ذوق جمال سے بہرہ ور ہوتے ہیں۔ ہر لحظہ ماحول میں تبدیلی چاہتے ہیں۔

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## آبی مزاج برج

اس مزاج والے برج کے تحت لوگ بہت ہی پراسرار اور جذباتی قسم کے ہوتے ہیں۔ یہ خاموش طبع ہوتے ہیں اور دوسروں کو اپنی مقناطیسی شخصیت سے متاثر کرتے ہیں۔ یہ بے حد حساس ہوتے ہیں۔ صاف دلی کے ساتھ ساتھ ان کے جذبات اور تصورات وسیع ہوتے ہیں۔

ذیل میں دیئے گئے جدول سے تمام برجوں کے عناصر اور مزاج معلوم کیے جاسکتے ہیں۔

| نام برج | عنصر | مزاج | انگریزی نام |
|---|---|---|---|
| حمل | آگ | آتشی | Aries |
| ثور | مٹی | خاکی | Taurus |
| جوزا | ہوا | بادی | Gemini |
| سرطان | پانی | آبی | Cancer |
| اسد | آگ | آتشی | Leo |
| سنبلہ | مٹی | خاکی | Virgo |
| میزان | ہوا | بادی | Libra |
| عقرب | پانی | آبی | Scorpio |
| قوس | آگ | آتشی | Sagitarius |
| جدی | مٹی | خاکی | Capricom |
| دلو | ہوا | بادی | Aquairius |
| حوت | پانی | آبی | Pisces |

## برج اور ان کے سیارگان

ہر برج کا اپنا ایک حاکم سیارہ ہوتا ہے۔ذیل میں دیئے گئے جدول کی مدد سے آپ ہر ایک برج کے حاکم سیارے کا نام معلوم کر سکتے ہیں۔

| عربی نام | حاکم سیارہ | انگریزی نام |
|---|---|---|
| حمل | مریخ | Aries |
| ثور | زہرہ | Taurus |
| جوزا | عطارد | Gemini |
| سرطان | قمر | Cancer |
| اسد | شمس | Leo |
| سنبلہ | عطارد | Virgo |
| میزان | زہرہ | Libra |
| عقرب | مریخ۔پلوٹو | Scorpio |
| قوس | مشتری | Sagitarius |
| جدی | زحل | Capricom |
| دلو | زحل۔یورنیس | Aquairius |
| حوت | مشتری۔نیپچون | Pisces |

CyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

# برج اوران کی اشکال

آسمان پر برجوں کی اشکال واضح نہیں ہوتیں بلکہ مختلف ستارے مل کر متعلقہ شکل سے مماثلت اختیار کر لیتے ہیں۔اس لیے اس ضمن میں معمولی اختلاف ہوسکتا ہے۔

| عربی نام | شکل | انگریزی نام |
|---|---|---|
| حمل | مینڈھا | Aries |
| ثور | بیل | Taurus |
| جوزا | جڑواں بچے | Gemini |
| سرطان | کیکڑا | Cancer |
| اسد | شیر | Leo |
| سنبلہ | دوشیزہ | Virgo |
| میزان | ترازو | Libra |
| عقرب | بچھو | Scorpio |
| قوس | تیرانداز | Sagitarius |
| جدی | بکرا | Capricom |
| دلو | مشکیزہ بردار | Aquairius |
| حوت | دومچھلیاں | Pisces |

# برجوں کے کلیدی الفاظ

یہ بظاہر ایک لفظ پر مبنی ہوتے ہیں لیکن یہ پورے برج کا احاطہ کیے ہوتے ہیں۔ اس سے ہمیں معلوم ہو جاتا ہے کہ برج کا مضبوط ترین نکتہ کون سا ہے۔

| انگریزی نام | کلیدی الفاظ | برج کا نام |
|---|---|---|
| Aries | ذات | حمل |
| Taurus | دولت | ثور |
| Gemini | دماغ | جوزا |
| Cancer | خاندان | سرطان |
| Leo | بچے | اسد |
| Virgo | کام | سنبلہ |
| Libra | شادی | میزان |
| Scorpio | جنس | عقرب |
| Sagitarius | سفر | قوس |
| Capricom | کاروبار | جدی |
| Aquairius | دوست | دلو |
| Pisces | حدود | حوت |

# سیاروں کے کلیدی الفاظ

برجوں کے کلیدی الفاظ کی طرح سیاروں کے بھی کلیدی الفاظ ہوتے ہیں اوران سے ظاہر ہو جاتا ہے کہ متعلقہ سیارے کی بنیادی خصوصیت کیا ہے۔

| سیارہ | کلیدی لفظ | سیارے کا نام |
|---|---|---|
| مریخ | قوت وتوانائی | Mars |
| زہرہ | حسن ومحبت | Venus |
| عطارد | تجسس وذہانت | Mercury |
| قمر | متغیر مزاج | moon |
| شمس | سرچشمہ حیات | Sun |
| مشتری | وسعت وتحفظ | Jupiter |
| زحل | تحقیق وتفتیش | Saturn |
| نیپچون | سنسنی خیزی | Neptune |
| پلوٹو | تخلیق وتباہی | Uranus |

# برجوں کا جسم کے حصوں سے تعلق

تمام برجوں کا جسم کے کسی نہ کسی حصہ سے تعلق ہوتا ہے۔ اس سے ہمیں یہ معلوم کرنے میں مدد ملتی ہے کہ کسی برج کے حامل افراد کن کن امراض میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

برجوں کا جسم سے تعلق بتایا جا رہا ہے۔

| نمبر شمار | نام برج | بیرونی اعضاء | اندرونی اعضاء |
|---|---|---|---|
| ۱ | حمل | سر سے جبڑوں تک | دماغ |
| ۲ | ثور | گردن | حلق |
| ۳ | جوزا | بازو، کندھے | پھیپھڑے |
| ۴ | سرطان | چھاتی | پستان، معدہ |
| ۵ | اسد | کمر کا اوپری حصہ، بازو | دل، ریڑھ کی ہڈی |
| ۶ | سنبلہ | پیٹ | انتڑیاں |
| ۷ | میزان | کمر کا نچلا حصہ | لبلبہ، گردے |
| ۸ | عقرب | پیڑو | اعضائے تولید |
| ۹ | قوس | کولہے اور رانیں | ریڑھ کی ہڈی نچلا حصہ |
| ۱۰ | جدی | گھٹنے | ہڈیاں |
| ۱۱ | دلو | پنڈلیاں اور ٹخنے | دوران خون |
| ۱۲ | حوت | پاؤں | جگر |

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved ©2002-2006

حمل: اس برج کا تعلق سر سے لے کر آنکھوں اور جبڑوں کے اوپر والے حصے سے ہے۔

ثور: اس برج کا تعلق نچلے جبڑے سے لے کر کندھے کے اوپر تک ہے۔

جوزا: جوزا کا تعلق ہاتھ، بازو، کندھے اور اعصابی نظام سے ہے۔

سرطان: اس کا تعلق سینہ، پھیپھڑے اور چھاتی کے علاوہ معدے اور ہاضمے کے اوپر والے حصہ سے ہے۔

اسد: یہ برج ریڑھ کی ہڈی، دل، شریانوں اور دوران خون سے متعلق ہے۔

سنبلہ: اس برج کا تعلق ہاضمے کے نیچے والے نظام، اعصابی نظام، انتڑیوں اور جلد سے ہے۔

میزان: لبلبہ، مثانہ اور گردے اس برج سے متعلق ہیں۔

عقرب: اس برج کا تعلق جنسی اعضاء، پیٹ کے نچلے حصے، ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصے اور چڑھے سے ہے۔

قوس: کولہے، رانیں اور ٹانگیں اس برج سے متعلق ہیں۔

جدی: یہ برج گھٹنوں، ان کی جلد اور ہڈیوں سے متعلق ہے۔

دلو: یہ برج پنڈلیوں، ٹخنوں اور دوران خون سے متعلق ہے۔

حوت: اس برج کا تعلق پاؤں، جگر اور ذہنی روحانی صلاحیتوں سے ہے۔

# آپ کا برج کون سا ہے؟

پہلا طریقہ:

برج معلوم کرنے کا سب سے موثر طریقہ یہ ہے کہ اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش معہ مہینہ معلوم ہو تو آپ اگلے صفحے پر دیئے گئے جدول سے اپنا برج معلوم کریں۔ برج معلوم کرنے کے لیے صرف پیدائش کی تاریخ اور مہینے کی ضرورت پڑتی ہے اس میں سال کا معلوم ہونا ضروری نہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| Aries | مریخ | حمل | ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل |
| Taurus | زہرہ | ثور | ۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی |
| Gemini | عطارد | جوزا | ۲۲ مئی تا ۲۲ جون |
| Cancer | قمر | سرطان | ۲۳ جون تا ۲۳ جولائی |
| Leo | شمس | اسد | ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست |
| Virgo | عطارد | سنبلہ | ۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر |
| Libra | زہرہ | میزان | ۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر |
| Scorpio | مریخ | عقرب | ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر |
| Sagitarius | مشتری | قوس | ۲۳ نومبر تا ۲۰ دسمبر |
| Capricom | زحل | جدی | ۲۱ دسمبر تا ۱۹ جنوری |
| Aquairius | زحل | دلو | ۲۰ جنوری تا ۱۸ فروری |
| Pisces | مشتری | حوت | ۱۹ فروری تا ۲۰ مارچ |

دوسرا طریقہ:

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش معلوم نہیں تو آپ برجوں کے سامنے دیئے گئے حروف میں اپنے نام کا پہلا حرف دیکھ کر اپنا برج معلوم کر سکتے ہیں۔ مثلاً کسی کا نام عبدالغفور ہے تو اس شخص کا برج حمل ہوگا کیونکہ اس کے نام کا پہلا حرف یعنی ''ع'' برج حمل کے تحت آتا ہے۔

تاریخ پیدائش معلوم نہ ہونے کی صورت دوسرے طریقے سے برج معلوم کرنا ہو تو ضروری ہے کہ پیدائش کے وقت نام برجوں کے ذریعے ہی رکھا گیا ہو ورنہ یہ طریقہ کارگر نہیں ہو سکتا۔

اس طریقے سے برج معلوم کرنے کے لیے اگلے صفحہ پر دیئے گئے جدول سے مدد لی جا سکتی ہے۔

| عربی نام | نام کا پہلا حرف | انگریزی نام |
|---|---|---|
| حمل | ا، ع، ل، ی | Aries |
| ثور | ب، و | Taurus |
| جوزا | ق، ک | Gemini |
| سرطان | ح، ھ | Cancer |
| اسد | م | Leo |
| سنبلہ | پ، غ | Virgo |
| میزان | ت، ٹ، ر، ط | Libra |
| عقرب | ذ، ز، ض، ظ، ن | Scorpio |
| قوس | ف | Sagitarius |
| جدی | ج، خ، گ | Capricorn |

| | | |
|---|---|---|
| دلو | س،ش،ص،ث | Aquairius |
| حوت | د،چ | Pisces |

www.IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

# برجوں کے معاشرتی تعلقات کا سرسری جائزہ

مزاج کے اعتبار سے ہر برج کے دوسرے بروج سے مختلف نوعیت کے تعلقات ہوتے ہیں مثلاً آتشی مزاج کے حامل برج کے تعلقات اپنے ہم مزاج بروج سے بہت اچھے ہوتے ہیں جبکہ اسی مزاج کے حامل برج کے تعلقات آبی مزاج یا بادی مزاج سے بالکل بھی موافقت نہیں رکھتے۔

زندگی میں کسی بھی شخص سے کاروباری، دوستانہ یا ازدواجی تعلق قائم کرنے سے پہلے ان کے برج اور برج کے مزاج کے بارے میں معلومات حاصل کر کے جائزہ لے سکتے ہیں کہ وہ شخص آپ کے مزاج سے موافقت رکھتا ہے یا نہیں۔

ذیل میں دیئے گئے جدول نمبر ۱ اور جدول نمبر ۲ کے ذریعے آپ اس کو بہتر انداز میں سمجھ سکیں گے۔

جدول نمبر ۱

| برج | موزوں | غیر موزوں | انگریزی نام |
| --- | --- | --- | --- |
| حمل | اسد، قوس | سرطان، میزان، جدی | Aries |
| ثور | سنبلہ، جدی | اسد، عقرب، دلو | Taurus |
| جوزا | میزان، دلو | سنبلہ، قوس، حوت | Gemini |
| سرطان | عقرب، حوت | حمل، میزان، جدی | Cancer |
| اسد | حمل، قوس | ثور، عقرب، دلو | Leo |
| سنبلہ | ثور، جدی | جوزا، قوس، حوت | Virgo |
| میزان | جوزا، دلو | حمل، سرطان، جدی | Libra |
| عقرب | سرطان، حوت | ثور، اسد، دلو | Scorpio |
| قوس | حمل، اسد | جوزا، سنبلہ، حوت | Sagitarius |

| | | | |
|---|---|---|---|
| جدی | ثور، سنبلہ | حمل، سرطان، میزان | Capricom |
| دلو | جوزا، میزان | ثور، اسد، عقرب | Aquairius |
| حوت | سرطان، عقرب | جوزا، سنبلہ، قوس | Pisces |

جدول نمبر۲:

| برج | قابل برداشت | غیر جانبدار | انگریزی نام |
|---|---|---|---|
| حمل | ثور، جوزا، دلو، حوت | سنبلہ، عقرب | Aries |
| ثور | حمل، جوزا، سرطان، حوت | میزان، قوس | Taurus |
| جوزا | حمل، ثور، سرطان، اسد | عقرب، جدی | Gemini |
| سرطان | ثور، جوزا، اسد، سنبلہ | قوس، دلو | Cancer |
| اسد | جوزا، سرطان، سنبلہ، میزان | جدی، حوت | Leo |
| سنبلہ | اسد، سنبلہ، میزان، عقرب | حمل، دلو | Virgo |
| میزان | اسد، سنبلہ، عقرب، قوس | ثور، حوت | Libra |
| عقرب | سنبلہ، میزان، قوس، جدی | حمل، جوزا | Scorpio |
| قوس | میزان، عقرب، جدی، دلو | ثور، سرطان | Sagitarius |
| جدی | عقرب، قوس، دلو، حوت | جوزا، اسد | Capricom |
| دلو | حمل، قوس، جدی، حوت | سنبلہ، سرطان | Aquairius |
| حوت | حمل، ثور، جدی، دلو | اسد، میزان | Pisces |

تیسرا طریقہ:

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش یاد نہیں تو آپ اپنے اور اپنی والدہ کے نام

کے اعداد کے جمل کبیر نکالیں اور اسے ۱۲ پر تقسیم کردیں۔ اگر باقی ا بچے تو برج حمل، ۲ بچے تو ثور، ۳ بچے تو جوزا، ۴ بچے تو سرطان، ۵ بچے تو اسد، ۶ بچے تو سنبلہ، ۷ بچے تو میزان، ۸ بچے تو عقرب، ۹ بچے تو قوس، ۱۰ بچے تو جدی، ۱۱ بچے تو دلو اور اگر کچھ نہ بچے تو آپ کا برج حوت ہوگا۔

| حرف | قیمت | حرف | قیمت |
|---|---|---|---|
| الف | ۱ | س | ۶۰ |
| ب،پ | ۲ | ع | ۷۰ |
| ج،چ | ۳ | ف | ۸۰ |
| د،ڈ | ۴ | ص | ۹۰ |
| ہ | ۵ | ق | ۱۰۰ |
| و | ۶ | ر،ڑ | ۲۰۰ |
| ز،ژ | ۷ | ش | ۳۰۰ |
| ح | ۸ | ت،ٹ | ۴۰۰ |
| ط | ۹ | ث | ۵۰۰ |
| ی | ۱۰ | خ | ۶۰۰ |
| ک،گ | ۲۰ | ذ | ۷۰۰ |
| ل | ۳۰ | ض | ۸۰۰ |
| م | ۴۰ | ظ | ۹۰۰ |
| ن | ۵۰ | غ | ۱۰۰۰ |

| | |
|---|---|
| حمل | Aries |
| ثور | Taurus |
| جوزا | Gemini |
| سرطان | Cancer |
| اسد | Leo |
| سنبلہ | Virgo |
| میزان | Libra |
| عقرب | Scorpio |
| قوس | Sagitarius |
| جدی | Capricom |
| دلو | Aquairius |
| حوت | Pisces |

------------

# حمل

## ARIES برج حمل:

| | | |
|---|---|---|
| علامت | ☆☆☆ | مینڈھا |
| عنصر | ☆☆☆ | آتشی |
| لکی نمبر | ☆☆☆ | ۹ |
| موافق رنگ | ☆☆☆ | سرخ |
| سعد پتھر | ☆☆☆ | ہیرا اور یاقوت |
| حاکم سیارہ | ☆☆☆ | مریخ |
| مبارک دن | ☆☆☆ | منگل |

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

# حمل مرد

ایک شاندار کرداراور ہمدردانہ فطرت کے ساتھ گہرے جذبات کا اظہار ہوتا ہے یہ شخص وجدانی طور پر نابالغ ہوتا ہےاور وقت سے پہلے ذہنی طور پر بالغ ہو جاتا ہے۔خوشگوار ماحول اس کے لیے بہت ضروری ہے اس کے ساتھی ایسے ہونے چاہئیں جن کا یہ انتظار کرنے اور احترام سے پیش آئے۔ اس میں آؤٹ ڈور سرگرمیوں اور تخلیقی ذوق پایا جاتا ہے ۔جذباتی بھڑکاؤ کو پرسکون تفہیم میں تبدیل کردینا چاہیے۔اوراس کے ساتھ سخت اور آمرانہ سلوک نہیں کرنا چاہیے۔

اس شخص میں سنجیدہ اور اولوالعزم فطرت کے ساتھ طاقتور ذہنی صلاحیت ہوتی ہے ۔یہ شخص فکروعمل سے بھرپور ہوتا ہے آزادی کا شعوراور غریبوں کی مدد کرنے کا جذبہ پایا جاتا ہے۔حکام بالا کا احترام کرتا ہے یہ لوگ اپنی قسمت خود بناتے ہیں۔ فلاح و بہبود کے کام کرنے والے بڑے بڑے اداروں سے لین دین میں کامیابی کا امکان ہے۔

پاکیزہ اور تنہائی پسند ہوتا ہے۔ادب،موسیقی اور آرٹ کا شوقین ہوتا ہے، ذہنی اورتجارتی تربیت زیادہ سے زیادہ کی جائے۔

یہ افرادجدت پسند اور مہم جو، حالات سے سمجھوتہ کرنے والےاور صابر ہوتے ہیں ۔یہ شخص نہایت آسانی سے مطمئن ہوجاتا ہے۔

یہ شخص خوش مزاج اور شاندار وجدانی خصوصیات کا حامل ہوتا ہے بہت زیادہ جذباتی پن سے چڑچڑا پن پیدا ہو جاتا ہے اگر زیادہ دیر تک تنہا رہے تو دن میں خواب دیکھنے کا رجحان پایا جاتا ہےعلاوہ ازیں یہ لوگ خودکو" حالات کا شہید" خیال کرتے ہیں۔

یہ خوش مزاج ، لچک دار رویہ کا مالک اور چالاک ہوتا ہے اس کا ذہن نہایت

زرخیز ہوتا ہے یہ شخص اتنا سخی ہوتا ہے کہ خود اپنا نقصان کر لیتا ہے۔اس لیے احتیاط سے کام لینا چاہیے یہ لوگ نقالی کرنے کے شوقین ہوتے ہیں اس لیے اکثر سٹیج اور تھیٹر میں پائے جاتے ہیں ضرورت سے زیادہ صلح جوئی سے نقصان اٹھانا پڑتا ہے اس لیے اس ان لوگوں کو دوسروں کے جھگڑوں میں ضامن نہیں پڑنا چاہیے۔

ان افراد میں سنجیدگی اور ذہانت کے ساتھ ساتھ ارتکاز توجہ کی شاندار خوبی پائی جاتی ہے زندگی کو ضرورت سے زیادہ سنجیدگی سے سوچنے کی عادت چھوڑنی پڑے گی۔اس مقصد کے لیے خوش باش اور ہم آہنگ دوستوں کے ساتھ رہنا چاہیے۔ آزادانہ فطرت اور متحرک شخصیت کے باعث یہ لوگ کاروبار میں بہت کامیاب رہتے ہیں یہ لوگ میوزک اور سفر کے شوقین ہوتے ہیں اپنے شوق سے یہ لوگ بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

یہ لوگ اپنے فرائض انجام دینے میں بڑی توانائی اور مہارت سے کام لیتے ہیں جس کی وجہ سے کامیاب رہتے ہیں۔یہ دانش مندی سے اپنے دوستوں کا انتخاب کرتے ہیں اور ہروقت احتیاط سے کام لیتے ہیں۔

یہ لوگ نیک، شریف اور ہمدردانہ فطرت کے مالک ہوتے ہیں۔ذہن کے تیز اور رفاحی کاموں میں حصہ لیتے ہیں جس کی وجہ سے یہ لوگ ہر دلعزیز بن جاتے ہیں اپنی پرکشش شخصیت اور قابلیت سے بڑے سچے اور وفادار دوست بنا لیتے ہیں۔

یہ اشخاص حساس، من موجی، دوست اور رحم دل ہوتے ہیں۔ضرورت سے زیادہ سخی ہوتے ہیں ان لوگوں کو سچ اور جھوٹ میں تمیز کرنے کی عادت پیدا کرنی چاہیے۔سمندری سفر کرنے کے شوقین ہوتے ہیں۔

یہ مرد انتہائی حساس، اور زود رنج ہوتا ہے۔لیکن بظاہر ناقابل تسخیر ہونے، خود اعتمادی اور سخت جانی کا تاثر دیتا ہے۔وہ اپنے خاندان کی حفاظت کرتا ہے اور وفادار

ہوتا ہے اس میں جبلی طور پر قبیلے اور وطن کی محبت کا جذبہ ہوتا ہے اس کا گھر سے بڑا گہرا تعلق ہوتا ہے اور دنیاوی مشکلات سے تنگ آکر گھر میں اس سکون کی تلاش میں داخل ہوتا ہے جو بچے کو ماں کی آغوش میں ملتا ہے تاکہ اس کی خود اعتمادی بحال ہو جائے ۔یہ ہمدرد، جذباتی موڈی اور محتاط ہوتا ہے۔

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

# حمل عورت

یہ بیوی ہوتو بے حد مامتا کی حامل ہوتی ہے۔ جب یہ اپنے شرف والے گھر میں ہوتی ہے تو سب سے زیادہ ہمدرد، پیار کرنے والی اور محافظ عورت ہوتی ہے وہ صابر پرستار، حالات کے سانچہ میں ڈھل جانے والی ہوتی ہے اس کا گھر اسی مقام پر ہوگا جہاں اس کا شوہر بنانے کا فیصلہ کرلیتا ہے اور وہ معمولی سے مکان کو بھی قابل دید بنا دیتی ہے جس کی موجودگی کو مقدس خیال کیا جاتا ہے اور وہ اسے برقرار رکھنا بھی جانتی ہے۔ پرستارانہ رویہ کے باعث اس سے محبت کی جاتی اور اس کا احترام کیا جاتا ہے اور وہ اس ادب کی زندہ مثال ہے کو لفظ ''ماں'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ لیکن ان تمام باتوں کا انحصار ستاروں کی لگن پر ہے۔

منفی خصوصیات کی حامل ان بیویوں کی یہ خصوصیات ہوتی ہے کہ وہ اکثر موڈی اور اپنی حالت بہتر بنانے پر راضی نہیں ہوتیں۔ حمل لڑکی سے شادی کرنا بہت آسان نہیں ہوتا ہے وہ فطری طور پر اتنی ہمدرد ہوتی ہے کہ شادی کے قابل مرد اس کی طرف کھینچے لگتے ہیں وہ تحفظ چاہتی ہے جو اسے ہمیشہ ہی مل جاتا ہے لیکن وہ اگر ایک ایسی لڑکی ہے جس کا کردار قابل تعریف نہیں ہے۔ اس کی بیک گراونڈ بھی کچھ نہ ہو تو زندگی کی مشکلات سے عہدہ برآ ہونے کے لیے اسے اپنے شوہر کی ہمدردی اور توانائی کی ضرورت ہوتی ہے اس کے تصور میں شوہر کارنس پر رکھا ہوا ایک دیوتا ہوتا ہے اور اگر شوہر اس کو مایوس کردے تو پھر روحانی صدمہ اس کے لیے تباہ کن ثابت ہوتا ہے۔

یہ بیویاں زبردست جذباتی پن اور اپنائیت کا مظاہرہ کرنے والی ہوتی ہیں اور خاندان کے لیے اپنی زندگی وقف کر دیتی ہیں کردار کے اعتبار سے وہ سراپا ''عورت'' ہوتی ہے۔

# حمل بچہ

ان بچوں کو ایسے لوگوں سے رابطہ کرنے پر مجبور نہ کیا جائے جن یہ پسند نہیں کرتے کیونکہ ایسا کرنے سے ان کی صحت پر برا اثر پڑے گا۔یہ بچے بالعموم بڑے بز دل اور تنہائی پسند ہوتے ہیں اس باوجود ان کو دوستی اور ہمدردی کی ضرورت ہوتی ہے اگرچہ وہ کسی سے دوستی کرنے میں بڑے حساس ہوتے ہیں۔بعض اوقات ان میں یہ غلط رجحان پیدا ہوجاتا ہے کہ بغیر آزمائے دوسروں کو اپنا دوست فرض کر لیتے ہیں اس کے ساتھ ہی وہ ان تمام چیزوں کا بڑا خیال کرتے ہیں جو ان کے سپرد کر دی جاتی ہیں۔اور یہ جو کچھ کرتے ہیں اس میں بڑی حد تک دانشمندی سے کام لیتے ہیں یہ بچے بالعموم اپنے گھر اور والدین سے محبت کرتے ہیں اور جو لوگ ان سے محبت کرتے اوراور ان کی تعریف کرتے ہیں ان سے باآسانی متاثر ہوجاتے ہیں۔ان کی کمزوری کا سبب بالعموم پیٹ کی خرابی ہوتا ہے اس لیے ان کی غذا کا بڑا خیال رکھنا چاہیے اس کے علاوہ ورم نرخرہ، کھانسی ، جوڑوں کے درد، گردہ کی بیماریوں اور اعصابی تناؤ کا شکار ہوسکتے ہیں۔

کیونکہ یہ بچے ہر بات کو بڑے غور سے سنتے ہیں اور ان کی قوت متخیلہ بہت تیز ہوتی ہے اس لیے یہ ممکن ہے کہ بعض اوقات یہ بچے پریشان اور ضدی بن جائیں۔ ان بچوں کی پرورش کرتے ہوئے ان امکانات کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔اس کے ساتھ ہی یہ خیال بھی رہے کہ ان بچوں میں سہل پسندی اور کاہلی کا رجحان پایا جاتا ہے اس لیے والدین کو چاہیے کہ وہ پیار محبت سے بچے کو عمل کرنے پر آمادہ کریں۔یہ بچے بہت سمجھ دار ہوتے ہیں اور والدین کو چاہیے کہ ان کے لڑکپن کے دنوں میں اپنے بچوں کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کی کوشش کریں۔

آپ کا بچہ بڑا پیارا، حساس اور ہمدرد ہوتا ہے وہ نہایت آسانی سے پیار و

محبت کی زبان سمجھ لیتا ہے اور والدین بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ خوش رہتا ہے خطرہ یہ ہے کہ اگر اس کی حساسیت اور الگ تھلگ رہنے کی عادت کو صحیح طریقہ سے سمجھ کر تربیت نہ کی گئی تو وہ ہمیشہ کے لیے معذور ہو جائے گا کیونکہ یہ ضرورت سے زیادہ شرمیلا، سیدھا سادا اور منفی طبیعت کا مالک ہوتا ہے اس لیے اس بچہ کی ہمت بندھانی چاہیے کہ وہ ایک فرد کی حیثیت سے اپنی شخصیت کو اجاگر کرے۔ ورنہ بڑی حد تک اس بات کا امکان ہے کہ اس میں احساس کمتری پیدا ہو جائے۔ کیونکہ یہ فطری طور پر شعور کی کٹھنائیوں سے متاثر ہو سکتا ہے اس کی ہمت افزائی کی جائے کہ وہ دوسروں کے سامنے اپنے کمالات کا مظاہرہ کرے۔ ڈراموں، اجتماعی موسیقی کی محفلوں اور اسی قسم کی تفریحات میں حصہ لے اور اس کی شخصیت کی بتدریج تعمیر کی جائے تاکہ وہ جن لوگوں سے ملتا ہے خود کو ان سے کمتر خیال نہ کیا جائے۔

کیونکہ اس کا حکمران نہایت حساس ستارہ ہے اس لیے آپ کے یہ بچہ میں ڈھیلا پن، تذبذب اور زندگی سے فراریت کا رجحان پیدا کر دیتا ہے۔ لہذا حقائق سے دور اپنی ذات کے حصار میں قید ہو کر زندہ رہنے سے بچانے کے لیے آپ اپنے بچے کی ہمت افزائی کریں کہ وہ دوسرے بچوں کے ساتھ مل کر کھیلے اور سماجی تقریبات میں حصہ لیتا رہے۔

یہ تخلیقی صلاحیت کا حامل ہوتا ہے اور چھوٹی سی عمر میں ہی آرٹ یا میوزک میں دلچسپی لینے لگتا ہے لہذا آپ اسے اس قسم کی تعلیم دیں جس سے وہ زندگی کے تقاضوں تک آزادانہ رسائی حاصل کر سکے اور فنکارانہ شاہپاروں کی اسے پہچان اور ستائش کرنا سکھائیں بہت چھوٹی عمر میں ہی اسے خوب صورت چیزیں بنانا سکھایا جا سکتا ہے۔ خواہ ابتدا میں یہ کام کاغذ کی گڑیاں بنانا اور تصاویر کو واٹر کلر سے پینٹ کرنا ہی کیوں نہ ہو۔ اس ضمن میں یہ احتیاط رکھیں کہ بچے کا یہ رجحان محدود رہے اور وہ اپنے

فنکارانہ مشاغل میں اتنا مصروف نہ رہے کہ بیرونی دنیا ہی سے کٹ کر رہ جائے۔اور لوگوں سے ملنا جلنا ہی چھوڑ دے۔

ان افراد کی صحت کے لیے کوئی مشکل پیدا نہیں ہوتی ہے اس کے باوجود بچہ کو سکھانا چاہیے کہ وہ اپنے ہاضمہ کا خیال رکھے کیونکہ اس بچہ کے اعصابی نظام میں خرابی پیدا ہو سکتی ہے اس لیے جب یہ جذباتی اعتبار سے پریشان ہو تو اسے کھانا کھانے پر مجبور نہ کیا جائے۔اس بچے کے والدین کو یاد رکھنا چاہیے کہ اسے نہ تو کبھی گالی دیں نہ کھانے کے وقت آپس میں جھگڑا کریں۔یہ بچہ چونکہ نو نمبر کے تابع پیدا ہوا ہے جو سخت گیر حکمران ہے اس لیے اس بچے کو لگنے والی چوٹوں، خراشوں اور جلنے کے زخموں کا خاص خیال رکھیں۔

یاد رکھیں کہ جوانی میں آپ کا بچہ بہت حساس ہوگا اس عمر میں وہ کسی کمپلکس میں مبتلا ہو سکتا ہے جس کے باعث معتدل زندگی سے لطف اندوز ہونا دوبھر ہو جائے گا۔اس بچے کو چھوٹی عمر میں ہی حقائق زندگی سے روشناس کرا دینا چاہیے کیونکہ وہ آسانی سے صدمہ برداشت کر سکتا ہے بہر حال اتنی دیر نہیں لگانی چاہیے کہ اس بچے کو دوسرے بچوں سے یہ حقائق معلوم ہوں کیونکہ اس کی نازک حساسیت کو اس سے نقصان پہنچنے کا امکان ہے۔

# حمل اور محبت

علامات سے بھی یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ بڑے حساس، پیار کرنے والے محتاط اور عاشق مزاج ہیں آپ ہمیشہ اپنے جذبات کا اظہار نہیں کرتے ہیں لیکن بعض اوقات کسی حسین کے غلام بھی بن جاتے ہیں اس صورت میں آپ بالعموم گھاٹے میں رہتے ہیں اور لوگوں میں غلط فہمیاں پیدا ہو جاتی ہیں محبت کے معاملہ میں آپ نرم دل دوسروں کے جذبات کا خیال رکھنے والے اور ہمدرد ہیں۔آپ کے نزدیک محبت ایک پاس کا تعلق ہے جس پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے۔آپ اپنے محبوب کے لیے پجاری بن جاتے ہیں اس کے ساتھ ہی آپ میں رقابت کا جذبہ بھی پایا جاتا ہے۔اس لیے آپ کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ غیر ضروری رقابت سے بچنے کے لیے حتی الامکان کوشش کریں۔کیونکہ آپ دل کے معاملات میں ضرورت سے زیادہ حساس واقع ہوئے ہیں اس لیے آپ کے جذبات نہایت آسانی سے مجروح ہو جاتے ہیں اور اگر ایک مرتبہ آپ کے جذبات سخت مجروح ہو جائیں تو پھر آپ کے لیے خوف پر قابو پا لینا مشکل ہو جاتا ہے کئی بار اس طرح چوٹیں کھانے کے بعد آپ یکے بعد دیگرے مختلف قسم کی محبت کرنے لگے ہیں۔علامات سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ آپ جملہ شادی شدہ جوڑوں میں سب سے زیادہ خوش رہ سکتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ اپنے گھر اور گھر کی آرام دہ زندگی سے بہت محبت رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ کنوارا رہنے کی بجائے شادی کرنے کے بعد آپ زیادہ خوش رہتے ہیں آپ کی ازدواجی زندگی میں ایک ذہنی جیون ساتھ بڑا اہم کردار ادا کرتا ہے۔آپ کی ذاتی محبت پرسکون اور ہمت افزا ہوتی ہے۔اس لیے آپ کو چاہیے کہ اپنی محبت کا کھل کر اظہار کریں۔

آپ بچوں سے بہت محبت کرتے ہیں۔آپ کا برج والدین کا برج ہے اور

چند بچے پیدا ہونے یقینی ہیں۔آپ کی شفقت بہت گہری ہوتی ہے لیکن آپ کو چاہیے کہ اپنے بچوں سے بہت زیادہ ڈانٹ ڈپٹ نہ کریں۔اگر آپ کے گھر میں ہم آہنگی نہیں پائی جاتی ہے تو آپ بہت غمگین رہتے ہیں اپنی فطری حساسیت کے باعث اگر گھر میں ناخوشگوار واقعات رونما ہونے لگیں تو آپ پر دوسرے لوگوں کے مقابلہ میں بہت برا اثر پڑتا ہے۔

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

# حمل اور صحت

حمل افراد زیادہ تر صحت مند ہوتے ہیں۔ان میں توانائی بکثرت پائی جاتی ہے اور وہ مناسب قوت مدافعت ہونے کی وجہ سے جلد صحت یاب ہو جاتے ہیں۔ حمل افراد پیچیدہ بیماریوں کا بہت کم شکار ہوتے ہیں، لیکن جب بھی چند دنوں کے لیے بیمار ہوتے ہیں تو انہیں بہت غصہ آتا ہے اور اپنے تیمارداروں سے لڑتا جھگڑنا شروع کر دیتے ہیں۔

حمل افراد کے لیے مرطوب آب وہوا موافق نہیں وہ ایسی آب وہوا میں نزلہ اور زکام میں مبتلا ہو جاتے ہیں جو بعد میں مستقل سر درد اور کانوں کی تکلیف میں تبدیل ہوسکتا ہے۔حمل افراد کو شدید سر درد کی شکایت بھی ہوسکتی ہے اور انہیں لو بھی آسانی سے لگ جاتی ہے سوجن اور جلد کی بیماری کی شکایت بھی ہوسکتی ہے۔دانت کا درد بھی حمل افراد میں عام پایا جاتا ہے۔خصوصاً ان افراد میں جو پابندی کے ساتھ ڈاکٹروں سے دانتوں کی دیکھ بھال نہیں کراتے ان افراد پر دندان ساز ڈاکٹر کا خیال بھی ناگوار اثر رکھتا ہے۔

برج حمل کے تحت پیدا ہونے والے افراد کو مندرجہ ذیل بیماریاں لاحق ہوسکتی ہیں۔مختلف بخار، اعصابی بیماریاں، السر، نظام ہضم کی خرابیاں، شدید سر درد، کان کی بیماریاں، دانت کا درد، مسوڑھوں کی خرابی، چوٹ اور مختلف قسم کے زخم۔

حمل افراد معمولی بیماریوں کا تو ذکر ہی کیا مہلک امراض کو بھی کوئی خاص اہمیت نہیں دیتے۔بعض اوقات وہ مثبت سوچ سے بیماریوں کے حملوں کو پسپا کرنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔

کان کی بیماریاں، چوٹ، دانت کا درد، شدید سر درد، السر، نظام ہضم کی بیماریاں، اعصابی خرابیاں، بخار اور مختلف قسم کے زخم ان کو لاحق ہوسکتے ہیں۔

## حمل اور دولت

آپ کی زندگی میں ایسے لمحات بھی آتے ہیں جب گھر کے ماحول سے دور مختصر سفر یا چھٹیاں بھی گزارنا آپ کے لئے فائدہ مند ہوسکتا ہے لیکن تارک الدنیا بن جانے سے پرہیز کریں اپنی زندگی کے ابتدائی ایام میں خصوصیت سے آپ سفر کے رسیا بن جاتے ہیں لیکن ادھیڑ عمر کے بعد آپ اپنے گھر سے دور سفر کرنا پسند نہیں کرتے ہیں آپ کے ذہن میں تجزیہ کی جو شاندار خصوصیات پائی جاتی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کسی پیشہ ورانہ لائن ہی میں کامیاب ہو سکتے ہیں لیکن یہ ایک ایسا پیشہ ہونا چاہیے جس میں آپ اپنی انفرادیت کا مظاہرہ کرسکیں جیسے قانون، طب، جراحی، داندن سازی، کشتی رانی، انسٹرکشن، سیلز مین شپ، انجینئرنگ ایسے پیشے ہیں جن میں اکثر یہ افراد دلچسپی لیتے ہیں۔کیٹرنگ، رہائشی ہوٹل چلانا اور ریسٹورنٹ سے بھی دلچسپی رکھتے ہیں۔ان افراد میں فنکارانہ صلاحتیں بھی ہوتی ہیں اس وجہ سے یہ لوگ کپڑوں کے ڈیزائن بنانا میوزک کمپوز کرنا، پینٹنگ اور سٹیج یا سکرین پر ایکٹنگ کرتے نظر آتے ہیں۔

آپ کی شخصیت اور ذہن اس قسم کا ہے جو اپنی تقدیر خود بنالیتا ہے اگرچہ بعض اوقات دوسرے لوگ آپ کی مدد کر سکتے ہیں لیکن آپ کی اصل ترقی کا انحصار خود آپ کی ذات پر ہے۔اس برج کے تابع پیدا ہونے والے افراد بالعموم درمیانی زندگی میں کامیاب ہوجاتے ہیں اور یہ کامیابی عام طور پر ان کی موت تک قائم رہتی ہے آپ کے ستارے کہتے ہیں کہ شراکت کے معاملہ میں آپ کو بڑی احتیاط سے کام لینا چاہیے کیونکہ آپ محنتی اور باشعور ہوتے ہیں اس لیے دوسرے لوگ زیادہ سے زیادہ ذمہ داری آپ کے سر ڈال دیتے ہیں۔اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ قابل ہیں لیکن زیادہ مدت تک اس قسم کی زیادتی برداشت نہیں کرسکتے ہیں معقولیت

کی حد تک ہم آہنگ ماحول اور شراکت کے کاروبار میں اچھے رہتے ہیں۔

یہ افراد خود اپنا کاروبار کرتے ہیں، وہ بھی کامیاب رہتے ہیں جب آپ اس قسم کی مہم جوئی شروع کرتے ہیں تو آپ کو یاد رکھنا چاہیے کہ صحیح خطوط پر کاروبار چلنے سے پہلے آپ پر غیر یقینی حالات کا ایک دور ضرور آئے گا ان حالات میں آپ کو ہمت نہیں ہارنی چاہیے اور نہ ہی جو کام شروع کیا ہے، اسے چھوڑ دینا چاہیے یاد رکھیں کہ کامیابی حاصل کرنے کے لیے ہمت واستقلال کی ضرورت ہوتی ہے۔

ستاروں کی چال سے پتہ چلتا ہے کہ مالی اعتبار سے آپ کی زندگی میں بہت نشیب وفراز آئیں گے۔ آپ میں دولت کمانے کی صلاحیت بالعموم اچھی ہوتی ہے اس کے باوجود آپ دل کھول کر خرچ کرتے ہیں اور بہتر سے بہتر چیز خریدنے کی کوشش کرتے ہیں۔ بہر حال جائیداد، بانڈز، سٹاک ایکسچینج اور بڑی کمپنیوں کے حصص خرید کر آپ اچھی سرمایہ کاری کر سکتے ہیں زندگی میں جوا کھیلنے اور قیاس آرائیاں کرنے کو بھی آپ کا دل چاہتا ہے۔ یقینی نہیں، اس لیے آپ یہی مشورہ دیا جاتا ہے کہ بڑی لگا کر راتوں رات مال دار بن جانے کی اسکیموں سے بچ کر رہیں۔

یہ سچ ہے کہ بعض لوگ قیاس آرائی کے کاروبار میں بہت کامیاب جا رہے ہیں اور یہ کہ وہ کسی چیز کی مارکیٹ میں گھٹنے بڑھنے والی قیمت کا اندازہ اپنے وجدان سے لگا لیتے ہیں ابتدائی دوعشروں میں آپ کو مالی مشکلات کے تجربہ سے گزرنا پڑے گا یہی مشکلات تیس اور ساٹھ سال کی عمر میں درپیش ہوں گی اس کے باوجود اگر آپ معقول حد تک کفایت شعری سے کام لیں تو آخری عمر میں آپ اپنی مالی مشکلات پر خود ہی قابو پا لیں گے۔

☆

حمل افراد کے لیے ملازمت کا تحفظ ضروری نہیں ہے۔ وہ ایسا کام چاہتے ہیں جو ان کے لیے چیلنج بن سکے۔ ایسے کام ان کے لیے دلچسپی کا باعث ہو سکتے ہیں جن کی کامیابی عموماً مشکوک سمجھی جاتی ہے۔ ایسے کام بھی ان کے لیے بہترین ہیں جن کے بارے میں وہ ثابت کر سکتے ہیں کہ وہ اس کو دوسروں کی نسبت بہتر طور پر انجام دے سکتے ہیں۔

حمل افراد کی دفتری نوعیت کی صبح سے شام تک کرنے کی دفتری ملازمت پسند نہیں، اس قسم کی ملازمت ان کے لیے قید خانہ سے کم نہیں۔ وہ ایسے کام پسند کرتے ہیں جن کے دوران جب چاہیں اپنی مرضی سے چلے جائیں اور جب چاہیں آ سکیں۔ بڑے بڑے اداروں کے مالک اگر اپنے حمل ملازمین کی اس خصوصیت کو پیش نظر رکھیں تو ان سے دوسروں کے مقابلے میں دوگنا کام لے سکتے ہیں۔

THE END__________ختم شد___________

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006